HBL PSL Pakistan Super League 2022 LEVEL HAI
27 JAN - 27 FEB
KARACHI I LAHORE

ملتان سلطانز سے شکست کے باوجود اسلام آباد یونائیٹڈ پلے آف مرحلے میں پہنچ گئی

لاہور،20فروری2022ء:

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں ملتان سلطانز کے ہاتھوں 6وکٹوں سے شکست کے باوجود اسلام آباد یونائیٹڈ نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل کرلی ہے۔ایونٹ میں چارچار کامیابیوں کے ساتھ اسلام آباد یونائیٹڈ اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے پوائنٹس کی تعداد آٹھ آٹھ ہے تاہم بہتر رن ریٹ کی بنیاد پر اسلام آباد یونائیٹڈ نے پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل کرلی ہے۔

فاتح ٹیم نے 106 رنز کا ہدف 17ویں اوور کی دوسری گیند پر حاصل کرلیا۔لو اسکورنگ میچ میں ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نصف سنچری اسکور کرکے نمایاں رہے۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں ملتان سلطانز کی ابتدائی تین وکٹیں محض 18 کے مجموعی اسکور پر گریں۔تینوں بیٹرز، شان مسعود(4)،عامر عظمت(4)اور خوشدل شاہ(2) کو لیام ڈاسن نے پویلین کی راہ دکھائی۔چوتھی وکٹ کے لیے ٹم ڈیوڈ نے اوپنر محمد رضوان کے ہمراہ 25رنز کی شراکت قائم کی تاہم وہ بھی 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔

ان کے بعد کپتان محمد رضوان نے ڈیوڈ ویلے کے ہمراہ 68 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم کرکے ٹیم کو فتح دلادی۔محمد رضوان ایک چھکے اور دو چوکوں کی بدولت 51 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ڈیوڈ ویلے 28 اسکور پر ناٹ آؤٹ رہے۔

لیام ڈاسن نے تین اور زاہد محمود نے ایک وکٹ حاصل کی۔

اس سے قبل اسلام آباد یونائیٹڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 105 رنز بنائے تھے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے چھ بیٹرز ڈبل فگرز میں داخل نہ ہوسکے۔

ڈبل فگرز میں داخل ہونے والے تین بیٹرز میں موسیٰ خان نے ناٹ آؤٹ 26 رنز بنائے۔ لیام ڈاسن 22 اور ناصر نواز 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

عمران طاہر اور آصف آفریدی نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ ٹم ڈیوڈ، ڈیوڈ ویلے اور شاہنواز دھانی نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4